سوال

(553) بیعت کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنے کی شرعی حیثیت کیا ہے، جبکہ جس کے ہاتھ پر بیعت کی جا رہی ہو وہ خلیفہ نہ ہو۔ جو لوگ بیعت کرتے ہیں وہ حضرت عمر کا قول پیش کرتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صرف مسلمانوں کے خلیفہ اور امام کی بیعت کرنا جائز ہے، اہل حل وعقد علماء، فضلاء اور ذمہ داران حکومت اس کی بیعت کریں گے۔ جس سے اس کی ولایت ثابت ہو جائیگی۔ عامۃ الناس کے لئے اس کی بیعت کرنا ضروری نہیں ہے۔ ان پر صرف اتنا لازم ہے کہ وہ اطاعت الہی میں اس کی فرمانبرداری کریں۔

امام مارزی فرماتے ہیں:

''یَکفِی فِی بَیعَةِ الإمَامِ أَن یَقَعَ مِن أَھلِ الحَلِّ وَالعَقدِ وَلا یَجِبُ الاستِیعَاب، وَلا یُلزَمُ کُلّ أحَدٍ أَن یَحضُرَ عِندَہُ وَیَضَعَ یَدَہُ فِی یَدِہِ، بَل یَکفِی التِزَامُ طَاعَتِہِ وَالانقِیَادُ لَہُ بِأَن لا یُخَالِفَہُ وَلا یَشُقّ العَصَا عَلَیہِ انتھی'' (نقلاً من فتح الباري)

امام کی بیعت میں اہل حل وعقد کی بیعت ہی کافی ہے۔ بیعت بالاستیعاب واجب نہیں ہے۔ ہر شخص پر ضروری نہیں ہے کہ وہ امام کے پاس حاضر ہو اس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے۔ بلکہ اس پر اتنا ہی لازم ہے کہ وہ اس کی اطاعت کرے اور اس کی مخالفت نہ کرے، اور اس کے خلاف ہتھیار نہ اٹھائے۔

امام نووی صحیح مسلم کی شرح میں فرماتے ہیں:

''أمَّا البَیعَة: فَقَد اتَّفَقَ العُلَمَاء عَلَی أَنَّہ لا یُشتَرَط لِصِحَّتِھَا مُبَایَعَة کُلّ النَّاس، وَلا کُلّ أَھل الحَلّ وَالعَقد، وَإنَّمَا یُشتَرَط مُبَایَعَة مَن تَیَسَّرَ اجتِمَاعھُم مِن العُلَمَاء وَالرُّؤَسَاء وَوُجُوہ النَّاس، ... وَلا یَجِب عَلَی کُلّ وَاحِد أَن یَأتِيَ إلَی الإمَام فَیَضَع یَدہ فِی یَدہ وَیُبَایِعہ، وَإنَّمَا یَلزَمہُ الانقِیَاد لَہُ، وَأَلا یُظہِر خِلافًا، وَلا یَشُقّ العَصَا انتھی''

اہل علم کا اس امر پر اتفاق ہے کہ بیعت کی صحت کے لئے تمام لوگوں یا تمام اہل حل وعقد کا بیعت کرنا شرط نہیں ہے۔ اس میں صرف اتنی شرط ہے کہ جو علماء سردار اور ذمہ داران آسانی سے دستیاب ہو سکتے ہوں وہ بیعت پر اجماع کر لیں تو بیعت واقع ہو جائے گی۔ ہر شخص پر ضروری نہیں ہے کہ وہ امام کے پاس حاضر ہو اس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے۔ بلکہ اس پر اتنا ہی لازم ہے کہ وہ اس کی اطاعت کرے اور اس کی مخالفت نہ کرے، اور اس کے خلاف ہتھیار نہ اٹھائے۔

اور بیعت کے حوالے وارد تمام احادیث سے امام کی بیعت مراد ہے۔ دیگر افراد یا جماعتوں کی بیعت مراد نہیں ہے۔ شیخ صالح الفوزان ایسی بیعتوں کے بارے میں فرماتے ہیں :

" البيعة لا تكون إلا لولي أمر المسلمين ، وهذه البيعات المتعددة مبتدعة، وهي من إفرازات الاختلاف ، والواجب على المسلمين الذين هم في بلد واحد وفي مملكة واحدة أن تكون بيعتهم واحدة لإمام واحد، ولا يجوز المبايعات المتعددة" [المنتقى من فتاوى الشيخ صالح الفوزان 1/367]

صرف مسلمانوں کے خلیفہ اور امام کی بیعت کرنا جائز ہے، اور یہ متعدد بیعتیں بدعت ہیں، اور اختلافات کا ذریعہ ہیں۔ مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ ایک ملک میں صرف ایک ہی امام کی بیعت کریں (اگر واقعی کوئی امام موجود ہو) اور متعدد بیعتیں کرنا جائز نہیں ہے۔

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

[کتاب الصلاۃ جلد 1]